www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG KARACHI
روزنامہ جنگ کراچی
رجسٹرڈ نمبر SS-025
فون 32637111 تا 32637119
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
قیمت 15 روپے
FRIDAY SEPTEMBER 14, 2018
جلد 82 | جمعہ 3 محرم الحرام 1440ھ 14 ستمبر 2018ء | نمبر 253

Page # 3

بحریہ یونیورسٹی کا سپریم کورٹ

ڈیم فنڈ میں 27 لاکھ روپے کا عطیہ

اسلام آباد (وقائع نگار) اپنی قومی ذمہ داریوں کو بخوبی نبھاتے ہوئے بحریہ یونیورسٹی کے ملازمین نے اپنی ایک دن کی تنخواہ سپریم کورٹ دیامر بھاشا اینڈ مہمند ڈیم

باقی صفحہ 17 نمبر 55

بحریہ یونیورسٹی 55

فنڈ میں جمع کروانے کا اعلان کیا ہے۔ ملازمین کی ایک روز کی تنخواہ 27 لاکھ روپے بنتی ہے۔ بحریہ یونیورسٹی کی انتظامیہ نے اس قومی فریضہ میں عطیہ کرتے ہوئے خوشی اور مسرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کی عوام اور معیشت کی بقا کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیم کی تعمیر سے پاکستان نہ صرف زراعت کیلئے پانی کی کمی پر قابو پایا جائے گا۔ بلکہ ہائیڈرو پاور پلانٹس کی تنصیب سے سستی بجلی بھی پیدا کی جائے گی جس سے ملکی معیشت مزید پھلے پھولے گی۔ بحریہ یونیورسٹی کے ریکٹر نے کہا کہ بحریہ یونیورسٹی کا پلان ایچ ای سی کے وژن [illegible] کے ساتھ [illegible] مطابقت رکھتا ہے۔ جو ملک کے سماجی اور معاشی مسائل کے حل کیلئے ترتیب دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیمز وقت کی اہم ترین ضرورت ہیں اور ملک بھر میں مجوزہ مقامات پر ڈیمز کی تعمیر جنگی بنیادوں پر تمام تر مسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آج پانی کی کمی کے مسئلے کے حل کیلئے اقدامات نہ کئے گئے تو آنے والے برسوں میں پاکستان کی قومی سلامتی شدید خطرات سے دوچار ہو سکتی ہے۔